پریس ریلیز

دی بینک آف پنجاب اور یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے مابین داخلہ اور فیسوں کیلئے بینکاری کی خدمات کی فراہمی کے معاہدے پر دستخط

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس پروگرام میں داخلوں کی ڈیجیٹلائزیشن کا سہرا دی بینک آف پنجاب کے سر ہے، اپنی اسی روایت کو وسعت دیتے ہوئے بینک اب داخلہ اور فیسوں کی وصولی کی خدمات پنجاب بھر، آزاد جموں وکشمیر اور شیخ زید ہسپتال (وفاقی) تک وسیع کر رہا ہے۔ اسی ضمن میں دی بینک آف پنجاب کے صدر اور سی ای او ظفر مسعود اور یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے وائس چانسلر جاوید اکرم نے اپنے اداروں کی جانب سے خدمات کی فراہمی کے معاہدے پر دستخط کیے۔ خدمات کی فراہمی کے معاہدے کے تحت دی بینک آف پنجاب ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کے پنجاب، آزاد جموں وکشمیر اور شیخ زید ہسپتال (وفاقی) میں داخلوں کیلئے بی او پی ویب پورٹل کے ذریعے آن لائن داخلہ، ترجیح کا انتخاب، دستاویزات کی اپ لوڈنگ اور ملک بھر میں موجود بی او پی برانچوں کے ذریعے فیس جمع کروانے کی سہولیات فراہم کرے گا۔ تقریب میں دونوں اداروں کے اعلیٰ عہدداران نے شرکت کی۔ بی او پی آئی ٹی نے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کیلئے کسٹمائزسی ایم ایس ماڈیول کی تیاری میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ خصوصی کسٹمر سپورٹ کے قیام سے ملک اور دنیا بھر کے طلباء کو سہولت فراہم کی جائے گی۔ عوام کے مسائل کے حل کیلئے بہترین ڈیجیٹلائز خدمات کی فراہمی دی بینک آف پنجاب اولین ترجیح ہے۔